**Shabbir / Fazil**

**30-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

----------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج تاشقند میں اُزبکستان کے صدر شوکت **Mirziyoyev** سے بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج صبح گیارہ بجے آکاشوانی کے پروگرام 'من کی بات' کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- نیپال میں اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 675 ہو گئی ہے اور 2 ہزار 400 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ نیپال نے بھوٹے کوشی ندی میں سیلاب سے متعلق تازہ وارننگ جاری کی ہے۔

4- وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ نیپال کے اچانک سیلاب کے حادثے میں اب تک 108 بھارتیوں کو بچا لیا گیا ہے۔ بھارت نے، نیپال کو انسانی ہمدردی کے تحت 11 ٹن امداد پر مبنی چوتھی کھیپ بذریعہ طیارہ روانہ کی ہے۔

5- اور خواتین کرکٹ کے، ٹی-ٹوئنٹی ایشیاء کپ میں، آج شام دبئی میں بھارت، تھائی لینڈ کے خلاف میچ کے ذریعے اپنی مہم کی شروعات کرے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Uzbekistan**

وزیراعظم نریندر مودی آج تاشقند میں ازبکستان کے صدر **Shavkat Mirziyoyev** سے دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما صدارتی محل میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع، ڈجیٹل کنکٹوٹی، توانائی، تعلیم اور عوام سے عوام کے تعلق سے وابستہ شعبوں میں باہمی تعاون کا جائزہ لیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Sushil**

*وزیراعظم نریندر مودی آج سب سے پہلے اُزبکستان کی یوگا فیڈریشن کے زیرِ اہتمام یوگا پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اُس کے بعد وہ ازبکستان کے صدارتی محل جائیں گے،*

جہاں دونوں رہنما دوطرفہ بات چیت میں شرکت کریں گے۔ دونوں رہنما تجارت و سرمایہ کاری، دفاع، ڈجیٹل کنکٹوٹی، توانائی، تعلیم اور عوام سے عوام کے تعلقات کے شعبوں میں باہمی تعاون کا جائزہ لیں گے۔ دونوں ملکوں کے درمیان دفاع کے شعبے میں تعاون میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ البتہ دونوں ممالک کانکنی، خاص طور پر کمیاب معدنیات، دھاتوں جیسے سونا و دیگر اہم معدنیات سمیت ادویات کے شعبے، زراعت اور ہنرمندی کی ترقی نیز کنکٹوٹی کے نئے مواقعے کی تلاش جیسے شعبوں پر بھی توجہ مرکوز کریں گے۔

وزیراعظم کی کوششوں کی بدولت باعث گذشتہ دس برسوں میں دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں تین سو فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ دونوں ممالک ایک ساتھ مل کر آئندہ برسوں میں باہمی تجارت کو موجودہ ایک ارب ڈالر سے بڑھاکر دوگنا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اِس سلسلے میں آج کچھ اہم معاہدوں پر دستخط کیے جانے کا امکان ہے۔

سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

وزیراعظم جناب مودی ازبیکستان کے اپنے دو روزہ دورے پر کل تاشقند پہنچے تھے، جہاں صدر Shavkat Mirziyoyev نے ہوائی اڈے پر اُن کا استقبال کیا۔ وزیراعظم نے تاشقند کے Yangi Uzbekistan Park میں ازبیکستان کی مالامال تاریخ، وراثت اور قومی جذبے کے احترام میں گلہائے عقیدت نذر کیے۔

اِس کے بعد بھارت اور ازبیک برادری نے روایتی انداز میں جناب مودی کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔x

## Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 137 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## PM - Mann ki Baat - Gujrat

BJP نے آج وزیر اعظم نریندر مودی کے 'من کی بات' کی 137 ویں نشریے کیلئے پورے گجرات میں سماج کے مختلف طبقات پر مرکوز جلسے منعقد کرنے کا پروگرام تیار کیا ہے۔ پارٹی کے سینئر لیڈر، نوجوانوں، کسانوں، پیشہ ورانہ افراد اور سماج کے مختلف طبقات کے اراکین کے ساتھ ملکر من کی بات سنیں گے۔ پارٹی کے رہنماؤں کے مطابق، وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل احمد آباد کے Ghatlodia آسمبلی حلقے میں یہ پروگرام سنیں گے۔ BJP کے ریاستی صدر جگدیش وِشوکرما گاندھی نگر کے کوڈاسن علاقے

میں پرکھ آرکیڈ میں نوجوانوں کیلئے منعقد ایک پروگرام میں شامل ہوں گے۔ جَل شکتی کے مرکزی وزیر سی-آر پاٹل، سورت شہر کے اُدھنا میں واقع BJP کے دفتر میں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور کمپنی سکریٹریز کے ساتھ من کی بات سُنیں گے۔×

## BJP Congress

BJP نے کانگریس پر دلت سماج کو سیاسی حربے کے طور پر استعمال کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نئی دلّی میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے قومی ترجمان ڈاکٹر گرو پرکاش پاسوان نے الزام لگایا کہ دلت سماج کی توہین کرنے کی کانگریس کی تاریخ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے برعکس نریندر مودی حکومت نے ڈاکٹر بی-آر امبیڈکر کے ورثے کی تعظیم کے طور پر اُن سے وابستہ مقامات کو، مقدس مقامات کا درجہ دیا ہے۔

BJP کے قومی صدر ڈاکٹر سُدھانشو تریویدی نے بھی کانگریس پر اپنے سیاسی فائدے کیلئے ہندوؤں میں پھوٹ ڈالنے کا الزام عائد کیا۔

دفعہ 370 کا حوالہ دیتے ہوئے جناب تریویدی نے کہا کہ 370 کے انتظامات نے جموں وکشمیر میں والمیکی سماج کے اراکین کے خلاف امتیاز پر مبنی ڈومیسائل پابندیاں عائد کر رکھی تھیں۔

S/B - Sudhashu Trivedi

BJP رہنماؤں نے یہ بیانات ایسے وقت میں دیے ہیں، جب انہوں نے دلتوں کے معاملوں پر کانگریس کے ریکارڈ کو بیان کیا اور اس کے برعکس اس کا موازنہ امبیڈکر کے ورثے سے وابستہ معاملات پر مودی حکومت کی پہل سے کیا۔

اس سے پہلے کانگریس رہنماء راہل گاندھی نے دلت سماج کے خلاف امتیاز سے متعلق معاملات اٹھائے تھے۔×

## VP Keralma Vlist

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج دو روزہ دورے پر کیرلم پہنچیں گے۔ وہ Alappuzha میں ایک نمایاں ملیالی روزنامہ Kerala Kaumudi کے 115ویں یومِ تاسیس کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ وہ Aranmula Water Festival کا بھی افتتاح کریں گے جوکہ کیرلم کی سب سے مشہور اور قدیم کشتیوں کی دوڑ میں سے ایک ہے۔ Pampa ندی میں ہونے والے اِس سالانہ کشتی دوڑ کے مقابلے میں 51 کشتیاں حصہ لیں گی۔

## Rajnath Industry Conclave

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج لکھنؤ میں انڈسٹری کانکلیو سے خطاب کریں گے۔ پی-ایم سیتو یوجنا کے تحت منعقد ہونے والے اس پروگرام میں ہُنرمندی کے فروغ، انٹرپرینیورشپ اور پیشہ ورانہ تعلیم جیسے موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ کانکلیو میں شرکت سے پہلے جناب سنگھ، وزیر اعظم نریندر مودی کے 'من کی بات' پروگرام کو سُنیں گے۔ اس کے علاوہ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ساتھ وہ لکھنؤ کینٹونمینٹ علاقے میں 101 کروڑ روپے کے 12 ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Nepal Flood**

نیپال میں اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 675 ہوگئی ہے۔ دوبارہ شدید بارش اور مزید سیلاب کے اندیشوں کے درمیان تلاش اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ تقریباً دو ہزار چار سو افراد لاپتہ ہیں، جن میں کم سے کم 320 غیر ملکی شہری ہیں۔ 261 غیر ملکی سیاحوں سمیت چار ہزار چار سو سے زیادہ افراد کو بچایا گیا ہے۔

**V/C News Desk**

نیپال پولیس رپورٹ کے مطابق آٹھ ضلعوں سے 675 لاشیں نکالی جا چکی ہیں۔ جس میں سب سے زیادہ تعداد Chitawan ، ناول پاراسی ایسٹ اور ناول پاراسی ویسٹ سے ہے۔ پندرہ ہزار سے زیادہ سیکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے، جبکہ سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو بچانے اور راحت کا سامان پہنچانے کیلئے ہیلی کاپٹرس متعدد پروازیں کر رہے ہیں۔

سرکاری ذرائع کے مطابق تلاش اور بدترین طور پر متاثرہ Rasuwa ضلع میں گھ بارش اور کہرے کے سبب بچاؤ کارروائی کے عارضی طور پر روکے جانے کے بعد تلاش اور راحت رسانی کی کارروائیاں دوبارہ شروع کردی گئی ہیں۔

نیپال حکومت نے Bhote Koshi دریا میں سیلاب کے مدِّنظر تازہ الرٹ جاری کیا ہے اور دریا کے قریب رہنے والے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔

Rasuwa ضلع انتظامیہ نے کہا ہے کہ اُسے پانی کے بہاؤ میں اضافے کے تناظر میں Rasuwa، Nuwakot اور Dhading ضلعوں میں لوگوں سے انتہائی احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔ چین سے متصل سرحد پر بھی سات افراد ہلاک ہوئے ہیں، اور 550 سے زیادہ لاپتہ ہیں۔

مگلنگ-کاٹھمنڈو شاہراہ کو گھ سے کھول دیا گیا ہے، جو راجدھانی کو ملک کے دیگر حصوں سے جوڑنے والی اہم سڑک ہے۔ البتہ کئی دیگر سڑکیں اب بھی بند ہیں یا اُنکی رسائی میں رخنہ ہے۔

نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................

**MEA Nepal Flood**

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ نیپال میں بدھ کو آئے اچانک سیلاب کے سانحے کے بعد اب تک وہاں 108 بھارتی

شہریوں کو بچا لیا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ تقریباً پچاس بھارتی شہریوں، جن کا رابطہ منقطع ہو گیا تھا، اُن سے دوبارہ رابطہ قائم کرلیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ 275 بھارتی شہریوں کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے، جبکہ 128 بھارت نژاد افراد بھی لاپتہ ہیں، جن کے پاس دیگر ممالک کی شہریت ہے۔ مقامی سرکاری ذرائع کے مطابق گذشتہ دو دنوں میں 598 بھارتی شہری چین کے راستے نیپال میں پہنچ گئے ہیں۔

اِس دوران 900 بھارتی شہری جنہیں چین سے روانہ ہونا ہے، بیجنگ میں بھارتی سفارتخانے میں محفوظ ہیں اور مقامی سرکار کے ذریعے یا براہِ راست رابطے میں ہیں۔

اِس دوران بھارتی حکومت نے نیپال کے تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں میں مدد کیلئے آفات سے نمٹنے کے قومی دستے کو نیپال بھیجنے کی پیش کش کی ہے۔ نیز بھارتی فضائیہ کے ذریعے ہنگامی امدادی سامان نیپال بھیج کر فوری انسانی امداد بھی فراہم کی ہے۔

## MEA Nepal Relief Material

گیارہ ٹن امدادی سامان لے کر چوتھی پرواز کاٹھمنڈو پہنچ گئی ہے اور امدادی سامان نیپال حکومت کو سونپ دیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ اس پرواز کے ذریعے ضروری اشیا اور تکنیکی سازوسامان بھیجا گیا ہے تاکہ نیپال میں جاری تلاش، بچاؤ اور راحت رسانی کی کارروائیوں میں مدد فراہم کی جا سکے۔

اِس سے پہلے بھارت نے تین پروازوں کے ذریعے 57 ٹن سے زیادہ ہنگامی امدادی سامان نیپال بھیجا تھا۔x

## Nepal India Tech Team

بھارت کی گیارہ رکنی تکنیکی ٹیم نے کل نیپال کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پَن بجلی Tunnels کا موقعے پر جا کر معائنہ کیا تاکہ Tunnels میں پھنسے افراد کی تلاش اور بچاؤ کارروائیوں میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ ڈاکٹروں، نیم طبّی عملے اور Tunnel انجینئروں پر مشتمل یہ ٹیم جمعہ کو کٹھمنڈو پہنچی۔ کل ٹیم Nuwakot کے Trishuli پہنچی، جہاں پَن بجلی کے ایک پروجیکٹ Tunnel میں پھنسے مزدوروں کو بچانے کی کوششیں جاری ہیں۔ قدرتی آفات کے اثر کو کم کرنے سے متعلق قومی انتظامی اتھارٹی کے مطابق Chilime اور Langtang کے علاقوں کا فضائی جائزہ لینے کے بعد بھارتی ٹیم نے Tunnel کے اطراف امدادی کارروائیوں سے متعلق ضروری بچاؤ کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔x

## Nepal Fresh Flood Alert

نیپال کی حکومت نے بھوٹے کوشی ندی میں سیلاب کے تعلق سے تازہ الرٹ جاری کیا ہے اور ندی کے آس پاس کے لوگوں کو چوکس رہنے کی اپیل کی ہے۔ نیپال کے نیشنل ڈیزاسٹر رِسک ریڈکشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کی رپورٹ کے مطابق ندی کی طغیانی میں مزید شدّت آئی ہے۔ Rasuwa ضلع کے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبی سطح کے باعث Rasuwa،

Nuwakot اور Dhading اضلاع میں بھوٹے کوشی ندی کے اطراف رہنے والے لوگوں کو انتہائی چوکس رہنے کی اپیل کی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ جیسے جیسے تازہ اطلاعات موصول ہوتی رہیں گی، لوگوں کو اُس کی جانکاری دی جاتی رہے گی۔ بھوٹے کوشی تبت سے نکلنے والی تیز بہاؤ والی ہمالیائی ندی ہے۔ یہ وارننگ Rasuwa ضلعے میں تازہ سیلاب میں بڑے پیمانے پر ہوئی تباہی کے بعد جاری کی گئی ہے۔×

## Rev.Bhagwat US Visit

راشٹریہ سوئم سیوک سَنگھ، RSS کے سربراہ موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ بھارت میں مسلمانوں کیلئے کوئی جگہ نہیں وہ ہندو نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوتوا ہر انسان کا احترام کرتا ہے اور راہِ حق کی طرف جانے والے مختلف راستوں کو بھی تسلیم کرتا ہے۔ نیویارک میں ایک دنیا، ایک انسانیت کے موضوع پر مختلف مذاہب کے لیڈران کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب بھاگوت نے مسلمانوں کی جانب سے 2018 میں دلّی میں ایک لیکچر سیریز کی دوران پوچھے گئے سوال کا بھی حوالہ دیا، جس میں انہوں نے یہی جواب دیا تھا۔

RSS کے 100 سال مکمل ہونے کے موقعے پر جناب بھاگوت نے نیویارک میں یہ بیان دیا ہے۔×

## UAE Central Bank

متحدہ عرب امارات کی UAE سینٹرل بینک نے امارات میں، بینکِ مصر کی شاخوں کا فوری طور پر خصوصی معائنہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی Treasury کی جانب سے ممکنہ طور پر درِپردہ ایرانی بینکنگ نیٹ ورک لین دین کیے جانے کے تناظر میں یہ کارروائی کی گئی ہے۔ ×

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج اُڈیشہ میں شدید سے بہت شدید بارش اور کچھ علاقوں میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ اور گنگا کے مغربی بنگال کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش متوقع ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آج بہار، اتراکھنڈ، مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکّم اور ودربھ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ موسمیات نے آج جموں و کشمیر، لداخ، انڈمان اور نکوبار جزائر، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

## Odisha Red Alert

بھارتی محکمۂ موسمیات کے مطابق اُڈیشہ میں بڑے پیمانے پر بارش ہو سکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ریاست کے زیادہ تر مقامات پر ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے بالاسور، بھدرک، کیندر پاڑہ اور میورنبھنج

ضلعوں کے کچھ مقامات پر شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ ایک یا دو مقامات پر انتہائی شدید بارش ہو سکتی ہے۔ وہیں گنجام، پُوری، Khordha اور نیاگڑھ میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے 31 اگست اور ایک ستمبر کو اُڈیشہ کے مختلف حصوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ 2 ستمبر کو بھی موسلا دھار بارش ہو سکتی ہے۔×

## Cricket Women's T20

بھارت آج تھائی لینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ ہی خواتین کے ٹی-ٹوئنٹی ایشیاء کپ میں اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ ہرمن پریت کور بھارتی ٹیم کی کپتانی کریں گی، جبکہ اسمرتی مندھانہ نائب کپتان ہوں گی۔ T20 ایشیاء کپ میں بھارت نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اب تک ہوئے 5 ایڈیشن میں سے تین میں بھارت جیت درج کر چکا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد الواحد

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے اُزبیکستان دورے کی تحت تاشقند پہنچنے کی خبر کو صفحہ اوّل کی شہ سرخی بنایا ہے۔ وزیرِ اعظم مودی کا یہ اُزبیکستان کا چوتھا دورہ ہے۔ چار روزہ غیر ملکی دورے کے تحت وزیرِ اعظم مودی اُزبیکستان سے کرغستان جائیں گے۔

وہیں روزنامہ انقلاب نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ بھارت تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت آج مریخ تک پہنچ گیا ہے اور خلا میں پرائیویٹ اسٹیشن اور انسانی مشن کی جانب قدم بڑھا رہا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ امریکہ، وینیزویلا کے ساتھ دنیا کے سب سے بڑے تیل معاہدے پر پہنچ گیا ہے، جس سے وینیزویلا کے 56 بلین بیرل سے زیادہ تیل کے ذخائر پر امریکہ کا کنٹرول ہو گیا ہے۔

وہیں روزنامہ پرتاپ نے ایرانی صدر مسعود پیزشکیان کے حوالے سے لکھا ہے کہ اگر امریکہ اسلام آباد معاہدے

پر عمل کرتا ہے تو آبنائے ہُرمز کھل سکتی ہے۔ صدر پزیشکیان نے کہا کہ واشنگٹن کو بحری ناکہ ندی اور پابندیوں کو ختم کرنا ہوگا اور ایران کے منجمد اثاثے جاری کرنے ہوں گے۔ ساتھ ہی اسرائیل پر زور دینا ہوگا کہ وہ لبنان میں اپنی کارروائی روک دے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج تاشقند میں اُزبیکستان کے صدر شوکت **Mirziyoyev** سے بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج صبح گیارہ بجے آکاشوانی کے پروگرام 'من کی بات' کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- نیپال میں اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **675** ہو گئی ہے اور **2** ہزار **400** افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ نیپال نے بھوٹے کوشی ندی میں سیلاب سے متعلق تازہ وارننگ جاری کی ہے۔

4- وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ نیپال کے اچانک سیلاب کے حادثے میں اب تک **108** بھارتیوں کو بچا لیا گیا ہے۔ بھارت نے، نیپال کو انسانی ہمدردی کے تحت **11** ٹن امداد پر مبنی چوتھی کھیپ بذریعہ طیارہ روانہ کی ہے۔

5- اور خواتین کرکٹ کے، ٹی-ٹوئنٹی ایشیاء کپ میں، آج شام دبئی میں بھارت، تھائی لینڈ کے خلاف میچ کے ذریعے اپنی مہم کی شروعات کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------